## رہبر انقلاب اسلامی کا آیت اللہ اردبیلی کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 24 /Nov/ 2016

رہبر انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای نے اپنے ایک پیغام میں فقیہ اور بزرگ عالم دین آیت اللہ حاج سید عبدالکریم موسوی اردبیلی کے انتقال پر تعزیت پیش کی ہے۔

حضرت آیت اللہ خامنہ ای کے پیغام کا متن مندرجہ ذیل ہے:

بسمہ تعالی

فقیہ اور بزرگ عالم دین مرحوم و مغفور جناب حاج سید عبدالکریم موسوی اردبیلی رحمت اللہ علیہ نے دار فانی کو الوداع کہا اور لقائے اللہ سے جا ملے۔ اس نقصان پر ہم ان کے محترم اہل خانہ اور پسماندگان اور ان کے شاگردوں، انکے عقیدت مندوں اور انکے مقلدین کو تعزیت پیش کرتے ہیں۔ آپ نے علمی اور فقہی میدانوں میں جدوجہد کے علاوہ نہایت مشکل دور میں اسلامی جمہوریہ ایران کی عدلیہ کی سربراہی کی بھاری ذمہ داری کا بیڑا اپنے کاندھوں پر اٹھایا اور امام خمینی رح کی حیات مبارکہ میں تمام تر حادثات اور اہم واقعات میں آپ کا شمار سرگرم اور ملک کی خدمت کے لئے کوشاں، برجستہ افراد میں کیا جاتا تھا۔ ثقافتی امور اور اسکول اور یونیورسٹی کی تاسیس جیسی سرگرمیاں اس عظیم عالم دین کی پر بار کتاب زندگی کے اہم اوراق کو تشکیل دیتی ہیں۔ خداوند متعال سے متضرعانہ دعا کرتا ہوں کہ اپنی رحمت اور فضل وکرم انکی روح کے شامل حال فرما اور انکے نیک اعمال کو اجر جزیل عطا فرما اور انہیں انکے اجداد طاہر کے ساتھ محشور فرما۔

سید علی خامنہ ای
۲۳ نومبر ۲۰۱۶